Statement made on
dated 27-10-2014

Session 15th
No 417
Date 19/8/2014
Department Establishment

توجہ دلاؤ نوٹس

جناب سپیکر صاحب ہم آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی طرف مبذول کرنا چاہتے ہیں کہ متحدہ مجلس عمل کے دور حکومت میں دروان ملازمت فوت شدہ سرکاری ملازمین کے خاندانوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لئے مورخہ 5 ستمبر 2006 کو ایک نوٹفکیشن کے ذریعے سروس رولز 1989 میں ترمیم کر کے متوفی سرکاری ملازم کا بیٹا، بیٹی یا بیوہ محکمے میں کسی خالی آسامی پر گریڈ 1 سے گریڈ 15 تک بھرتی کیا جائے گا بشرطیکہ امیدوار اسامی کیلئے مختص تعلیمی استعداد کا حامل ہو۔

لیکن گزشتہ دور حکومت میں مورخہ 31 اگست 2012 کو متعلقہ سروس رولز میں مزید ترمیم کر کے گریڈ 1 سے گریڈ 15 سے کم کر کے گریڈ 10 پر بھرتی تک محدود کیا گیا۔ چونکہ صوبائی حکومت نے جونیئر کلرک سکیل 7 کو گریڈ 11 اور سینئر کلرک گریڈ 9 گریڈ 14، اسسٹنٹ گریڈ 11 گریڈ 16 اور سپرنٹنڈنٹس گریڈ 16 کو گریڈ 17 اور اسی طرح مختلف اساتذہ کے آسامیوں کو گریڈ کو اپ گریڈ کر دیا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے متعلقہ افسران اور خاص کر محکمہ تعلیم کے افسران شش و پنج میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ کیونکہ کلریکل اور ٹیچنگ کیڈر کی حالیہ اپ گریڈیشن کیوجہ صورت پیچیدہ ہو گئی ہے اپ محکمہ صرف کلاس فور گریڈ 1 ڈرائیور گریڈ 4 کی آسامیوں پر Deceased کوٹہ کے تحت بھرتی کر سکتا ہے جبکہ نئی اپ گریڈ اسامیوں پر بھرتی ناممکن ہے۔

لہذا صوبائی حکومت فوت شدہ سرکاری ملازمین کے خاندانوں کو ریلیف اور محکمانہ مشکلات کے پیش نظر مورخہ 5 ستمبر 2006 نوٹفکیشن کو بحال کی جائے جس میں گریڈ 1 سے گریڈ 15 تک deceased کوٹہ پر بھرتی کرنے کا اختیار دیا گیا تھا۔ تاکہ ان بیوہ گان کے خاندانوں کو ریلیف مل سکے۔

محمد شہزاد
MPA

سردار اورنگزیب نلوتھا
MPA